


# اوقاتِ جماعت پینل جماعت آئندہ تبدیلی کے ساتھ

یہ ڈسپلے سارا سال جماعت کے موجودہ اوقات کے ساتھ ساتھ آئندہ جماعت کی تبدیلی کو پیشگی بتاتا رہتا ہے۔
اس میں صرف ایک مرتبہ پورے سال کی جماعت کا شیڈول ڈالنا ہوتا ہے پھر یہ خودکار طریقے سے آئندہ جماعت تبدیلی کے اوقات ڈسپلے کرتا رہتا ہے۔ سالانہ Schedule سے ہٹ کر اپنی مرضی کے مطابق کسی بھی وقت جماعت آئندہ تبدیلی کے اوقات بھی سیٹ کیے جاسکتے ہیں، جیسے ماہ رمضان میں جماعت کے اوقات خصوصی طور پر مرتب کیے جاتے ہیں۔

## پینل میں اوقات کا اندراج کرنا:

1. وقت اور تاریخ سیٹ کرنا
2. آئندہ تبدیل ہونے والے جماعت کے اوقات سیٹ کرنا
3. موجودہ جماعت کے اوقات سیٹ کرنا

## 1. وقت اور تاریخ سیٹ کرنا

- پینل کو Unlock کرنے کے لیے کم ازکم تین سیکنڈ تک (5) دبا کر رکھیں۔
- اب (SET) دبائیں، [سیکنڈ Seconds] Blink کرنے لگیں گے۔
- (+) کے ذریعے 00 کرسکتے ہیں۔ (SET) دبائیں، (−)/(+) کے ذریعے سے گھنٹہ سیٹ کریں،
- اب (SET) دبائیں تو [منٹ] Blink کرنے لگے گا۔ (−)/(+) کے ذریعے سیٹ کریں۔
- اسی طرح باری باری تاریخ، مہینہ اور سال سیٹ کریں۔ • (EXIT) دبا کر باہر آجائیں۔

## 2. آئندہ تبدیل ہونے والے جماعت کے اوقات سیٹ کرنا

یہ تبدیلی دو طرح سے کی جاسکتی ہے:

① جماعت اختیاری: سالانہ چارٹ سے ہٹ کر جماعت کی تبدیلی سیٹ کی جاسکتی ہے۔
② جماعت سالانہ: ایک ہی مرتبہ پورے سال کے جماعت کے اوقات کا اندراج کرسکتے ہیں، تاکہ خودکار طریقے سے تبدیلی ہوتی رہے۔

## جماعت اختیاری کا طریقہ:

- پینل کو Unlock کرنے کے لیے کم ازکم تین سیکنڈ تک (5) دبا کر رکھیں۔
- (MENU) دبائیں، [اختیاری] Blink کرنے لگے گا۔
- (MENU) کی مدد سے فجر تا عشاء کا انتخاب کریں۔
- (SET) دبا کر Set Mode میں داخل ہوں۔ تاریخ/ مہینہ Blink کرنے لگیں گے۔
- (SET) دبائیں، [تاریخ] Blink کرنے لگے گی۔ (-)/(+) کے ذریعے سیٹ کریں۔
- (SET) دبائیں، [مہینہ] Blink کرنے لگے گا۔ (-)/(+) کے ذریعے سیٹ کریں۔
- (SET) دبائیں، [گھنٹہ] Blink کرنے لگے گا۔ (-)/(+) کے ذریعے سیٹ کریں۔
- (SET) دبائیں، [منٹ] Blink کرنے لگے گا۔ (-)/(+) کے ذریعے سیٹ کریں۔
- (SET) دبائیں تو [تاریخ] Blink کرنے لگے گی۔ (-)/(+) کے ذریعے سیٹ کریں۔
- یعنی آپ اس طرح اگلی تبدیلی کے وقت کا اندراج کر سکتے ہیں۔
- (EXIT) دبائیں، تو [دن قبل] Blink کرنے لگے گا۔ (-)/(+) کے ذریعے سیٹ کریں۔

یعنی کتنے دن قبل جماعت آئندہ تبدیلی کا وقت دکھانا ہے۔ اگر دن قبل '0' رکھیں گے تو آئندہ تبدیلی مستقل دکھائے گا۔

- (EXIT) دبا کر باہر آجائیں۔

## 3. موجودہ جماعت کے اوقات سیٹ کرنا

نوٹ: موجودہ اوقات صرف "اختیاری" کی صورت میں سیٹ کرنے ہوتے ہیں۔ "سالانہ" میں یہ اوقات خودبخود سیٹ ہوتے رہتے ہیں۔ البتہ صرف ایک مرتبہ ظہر اورجمعہ سیٹ کرنا ہوتا ہے۔

- پینل کو Unlock کرنے کے لیے کم ازکم تین سیکنڈ تک (5) دبا کر رکھیں۔
- (MENU) دبائیں، [اختیاری] Blink کرنے لگے گا۔
- اب (+) دبائیں، جب تک [موجودہ] Blink کرنے لگیں۔
- (SET) دبائیں، فجر کا [گھنٹہ] Blink کرنے لگے گا۔ (-)/(+) کے ذریعے سیٹ کریں۔

- (SET) دبائیں، **منٹ** Blink کرنے لگے گا۔ (-)/(+) کے ذریعے سیٹ کریں۔
**اسی طرح باری باری تمام نمازوں کے موجودہ اوقات سیٹ کریں اور**
- (EXIT) دبا کر باہر آجائیں۔
- خیال رہے کہ **مغرب کا وقت خودبخود سیٹ ہوگا،** اسے آپ 0:00 رکھیں۔

## جماعت سالانہ

- آپ ایک ہی مرتبہ پورے سال کے جماعت کے اوقات کا اندراج کر سکتے ہیں۔
تمام سال ہر جماعت کا وقت خودبخود تبدیل ہوتا رہے گا۔ اگر کسی وقت مثلا رمضان کے دوران اپنی مرضی کے وقت تبدیل کرنے ہو تو **جماعت اختیاری** کا انتخاب کریں اور رمضان کے بعد دوبارہ **جماعت سالانہ** کا انتخاب کریں۔
- کسی بھی ایک نماز کی جماعت کے اوقات سیٹ کرنے سے دوسری نماز کی جماعت کے اوقات میں اثر نہیں پڑے گا۔
- اس کے لیے پہلے درج ذیل ترتیب سے جماعت کے اوقات ایک صفحے پر لکھیں۔
- مثال کے لیے چارٹ دیا گیا ہے:

| فجر | عصر | عشاء |
|---|---|---|
| 1 جنوری 6:48 | 1 جنوری 4:45 | 1 جنوری 7:45 |
| 31 جنوری 6:45 | 8 فروری 5:15 | 18 فروری 8:15 |
| 10 فروری 6:40 | 10 مارچ 5:30 | 10 مارچ 8:30 |
| - | - | - |
| - | - | - |
| 8 دسمبر 6:35 | 14 اکتوبر 5:30 | 22 اکتوبر 8:30 |
| 16 دسمبر 6:40 | 5 نومبر 4:45 | 10 نومبر 7:30 |
| 26 دسمبر 6:45 | 27 دسمبر 4:45 | 25 دسمبر 7:45 |

## جماعت سالانہ سیٹ کرنے کا طریقہ:

- پینل کو Unlock کرنے کے لیے کم ازکم تین سیکنڈ تک (5) دبا کر رکھیں۔
- (MENU) دبائیں، **اختیاری** Blink کرنے لگے گا۔
- (+) دبائیں، **سالانہ** Blink کرنے لگے گا۔

- (SET) دبائیں [جائزہ] Blink کرنے لگے گا۔

(جائزہ میں آپ تمام اندراج شدہ اوقات کو دیکھ سکتے ہیں اور تبدیل بھی کرسکتے ہیں۔)

- (+) دبائیں [تبدیلی ؟] Blink کرنے لگے گا۔
- (SET) دبائیں [یقینی ؟] Blink کرنے لگے گا۔

(یعنی اگر تبدیلی نہیں کرنی ہو تو (EXIT) دباکر باہر آجائیں)

نوٹ: اگر [یقینی ؟] کو Select کرلیا تو اب پچھلا تمام رکارڈ ختم ہوجائے گا۔

- (SET) دبائیں، [گھنٹہ] Blink کرنے لگے گا۔ (+)/(-) کے ذریعے سیٹ کریں۔
- (SET) دبائیں، [منٹ] Blink کرنے لگے گے۔ (+)/(-) کے ذریعے سیٹ کریں۔

**نوٹ: یکم جنوری کی تاریخ پہلے سے سیٹ ہے لہٰذا صرف نماز کا وقت سیٹ کرنا ہو گا۔**
**یکم جنوری میں نماز کا وقت سیٹ کرنے کے بعد اگلی تاریخ اور نماز کا وقت سیٹ کریں۔**

- (SET) دبائیں، [تاریخ] Blink کرنے لگے گی۔ (+)/(-) کے ذریعے سیٹ کریں۔
- (SET) دبائیں، [مہینہ] Blink کرنے لگے گا۔ (+)/(-) کے ذریعے سیٹ کریں۔
- پھر (SET) دبائیں تو اگلی جماعت تبدیلی کےلیے گھنٹہ Blink کرنے لگے گا۔
- اوپر بتائیں گئے طریقے سے آپ سالانہ جماعت کا اندراج کر سکتے ہیں۔
- (MENU) دبا کر اگلی نماز میں آسکتے ہیں۔
- باری باری پورے سال کے جماعت کے اوقات کا اندراج کریں اور
- (EXIT) دباکر باہر آجائیں۔

Systems Integration
Electronics & Communication Solutions

Office # 412, 4th Floor, Madina City Mall,
Abdullah Haroon Road, Saddar, Karachi-74400, Pakistan.
Tel: +92(21)-35217256, 35654771-74
Cell: +92-3360837535
Email: Info@systemsengineering.com.pk